12285 ـ سودی بنك ملازم كے پیچھے نماز ادا كرنا

سوال

كیا ہمارے لیے سودی كاروبار كرنے والے بنك ملازم كے پیچھے نماز ادا كرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس طرح كا سوال مستقل فتوى كمیٹی سے كیا گیا تو كمیٹی كا جواب تھا:

سودی بنك میں ملازمت كرنا حرام ہے، اور اس كا مرتكب شخص اللہ تعالى كا نافرمان ہے، لیكن اس كے پیچھے نماز ادا كرنا صحیح ہے، كیونكہ وہ مسلمان ہے علماء كرام كے صحیح قول كے مطابق اگر اس نے نماز كی شروط پوری كی ہوں اور جو كچھ اللہ تعالى نے نماز میں فرض كیا ہے اسے پورا كیا ہو تو فی نفسہ اس كی نماز صحیح ہے.

اور اگر اس كے علاوہ كسی نیك و صالح اور متقی شخص كے پیچھے نماز ادا كرنا میسر ہو تو یہ زیادہ بہتر اور اولى ہے.

اللہ اعلم .